کیا بیوی حرام اشیاء کی فروخت کرنے والے خاوند سے حج کا خرچہ حاصل کرلے

هل تأخذ نفقة الحج من زوجها بائع المحرمات؟

[اردو- أردو - urdu]

الشیخ عبداللہ بن جبرین

ترجمہ: اسلام سوال وجواب ویب سائٹ

تنسیق: اسلام ہا ؤس ویب سائٹ

ترجمة: موقع الإسلام سؤال وجواب

تنسيق: موقع islamhouse

2012 - 1433

IslamHouse.com



کیا بیوی حرام اشیاء کی فروخت کرنے والے خاوند سے حج کا خرچہ حاصل کرلے

میرا خاوند ہوٹل کا مالک ہے اوراس میں شراب اورخنزیر کی فروخت کرتا ہے ، میرے دوبچے بھی ہیں میں ان شاء اللہ دوسال کے بعد حج کرنا چاہتی ہوں ، میرے خاوند نے کہا ہے کہ حج کاسارا خرچ وہ برداشت کرے گا اس لیے کہ میری کوئي آمدنی نہیں اورنہ ہی میں یہ چاہتی ہوں کہ میرے بچوں کی تربیت کوئي دوسرا شخص کرے توکیا یہ جائز ہے ؟

مجھے کیا کرنا چاہیے ؟ مجھے علم ہے کہ میں اورمیرے بچے ابھی چھوٹی عمر کے ہیں لیکن میں حج کرنا چاہتی ہوں لھذا مجھے کیا کرنا ہوگا ؟

الحمد للہ

ہم نے مندرجہ ذیل سوال فضیلۃ الشیخ عبداللہ بن جبرین حفظہ اللہ تعالی کےسامنے رکھا:

ایک شخص شراب اورخنزیرفروخت کرتا ہے ، کیا اس بیوی کے لیے فریضہ حج کی ادائیگي کے لیے خاوند سے حج کا خرچہ لینا جائز ہے ؟

توشیخ حفظہ اللہ تعالی کاجواب تھا:

نہیں ---- جائز نہیں اوراس عورت کا شمار حج کی طاقت نہ رکھنے والوں میں گا -.